کتب خانہ سرکاری

V
SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۶ | مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۰ ربیع الاول سنہ ۱۳۶۱ھ مطابق ۲۸ مارچ سنہ ۱۹۴۲ء | جلد ۵۵

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	منظوری رخصت صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات	۲
(۲)	روبکار بابتہ تبادلہ جات کپتان مشکور علی خاں صاحب پرسنل اسسٹنٹ عبدالحمید خاں صاحب پرنسپل حامد ہائی اسکول رامپور مرتضیٰ افسری	۲
۳	روبکار بابتہ انتظام سلسلہ سفر دہلی اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	۲ و ۳
۴	منظوری انتظام کار متعلقہ عالی مرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر بسلسلہ روانگی دہلی	۳
۵	منظوری اضافہ انتہائی گریڈ تحصیلداری بہ تنخواہ منشی ممتاز علی خاں صاحب تحصیلدار حضور تحصیل	۵
۶	منظوری توسیع مدت ڈیپوٹیشن عبدالجبار خاں صاحب سابق ناظم	۵ و ۶
۷	منظوری اسپیشل تنخواہ برائے منشی مشہود حسن صاحب بجٹ اکاونٹنٹ فائنانس ڈپارٹمنٹ	
۸	منظوری تجویز اجرائے پی اکاونٹ برائے ماہ مئی سنہ ۱۹۴۲ء	۶ و ۷

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

منظوری قواعد شعبہ جات تدارک حملہ فضائی ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۲ء	۸

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون علیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۲۲ مارچ ۱۹۲۲ء

مرسلہ یادداشت عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مع رپورٹ عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری رخصت باوسط سالم تنخواہ یکماہ صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات از ۱۸ مارچ ۱۹۲۲ء بشمول رخصت محصلہ اتفاقیہ چار یوم بغرض علاج چشم بمقام لاہور یا مدراس بدیں صراحت کہ صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات کے زمانۂ رخصت میں ان کی خدمات اسسٹنٹ صاحب مدارس علاوہ خدمات متعلقہ انجام دیتے رہینگے عہدہ پرنسپل رضا انٹر کالج کے فرائض وائس پرنسپل صاحب علاوہ خدمات متعلقہ انجام دینگے

حکم

بوجب رپورٹ۔ صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات کی رخصت یکماہ از ۱۸ مارچ ۱۹۲۲ء باوسط سالم تنخواہ با انتظام مجوزہ منظور ہے۔ سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۲۲ مارچ ۱۹۲۲ء

کپتان منگو علیخاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری جیلدہ سے واپس آگئے ہیں۔ لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:-

۱- کپتان منگو علیخاں کو پرسنل اسٹاف میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ پرسنل اسٹاف کے کپتان رینک کی تنخواہ ملیگی۔

۲- سیکنڈ لفٹنٹ عبدالحمید خاں کو صوبہ دار رینک سے عارضی طور پر اسٹیٹ افسری پر ترقی دیگئی تھی ان کو صوبہ دار رینک پر سیکنڈ رامپور رضا انفنٹری میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ صوبہ دار رینک کی تنخواہ پائیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۲۲ مارچ ۱۹۲۲ء

بدولت و اقبال ۲۳ مارچ کو شب میں نہضت فرمائے دہلی ہونگے۔ مراجعت کے متعلق دہلی سے اطلاع دیجائے گی۔ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر اور صاحب اسسٹنٹ پرائیویٹ سکریٹری بہادر ہمارے ہمرکاب جائیں گے۔

عالیمرتبت صاحب ریونیو و فنانس منسٹر بہادر وقتاً فوقتاً دہلی آتے رہینگے ہماری غیر موجودگی میں حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

۱۔ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کا کام عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر اگر رامپور میں ہوں انجام دینگے اُنکی غیر موجودگی میں عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر۔ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کا کام انجام دینگے۔ صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر کا کام صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر انجام دینگے۔

۲۔ عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کی غیر موجودگی میں اون کا کام سکریٹری صاحبان بہادر تحت انجام دینگے۔ اہم کاغذات پر عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر سے حکم حاصل کرینگے

۳۔ اجلاس ہمایوں کے کاغذات ذریعہ ڈاک بھیجے جاینگے۔ اگر کسی فوری حکم کی ضرورت ہو تو عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر اور اون کی غیر موجودگی میں عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کو بائی آرڈر دستخط کرنے کی اجازت دیجاتی ہے

۴۔ اگر کوئی غیر معمولی واقعہ پیش آجائے تو اسٹیٹ کونسل کا فیصلہ قطعی ہوگا۔ کونسل کے کورم میں کمی ہو تو عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو بحیثیت رکن کونسل شریک کیے جانے کی اجازت دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم

واقع ۲۳ مارچ ۱۹۲۲ء

بموجب رپورٹ تار ریجنٹ ۲۳ و ۲۴ مارچ ۱۹۲۲ء

میں عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کے انتظام کار کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض | میر [illegible]

جناب عالی

بسلسلۂ سفر اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم بمقام دہلی بتاریخ ۲۲ مارچ ۱۹۲۲ء بوقت شب انتظام کام کے متعلق بتاریخ امروز پیشگاہ ہمایوں سے جو روبکار صادر ہوا ہے۔ اوسمیں بصورت غیر موجودگی عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر اونکے متعلقہ انتظام کام کی بابت بھی صراحت فرمائی گئی ہے۔ چونکہ روبکار مذکور کے مطابق ۲۵ مارچ سے تعمیل ہوسکیگی۔ لیکن عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر حسب منشاء ہمایوں بکار سرکار آج ہی دہلی کو روانہ ہوگئے ہیں۔ اسلیے عرضداشت ہذا حضور پُرنور میں پیش کرکے ترتیب و مستدعی ہے کہ تاریخہائے ۲۳ و ۲۴ مارچ ۱۹۲۲ء میں عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کے انتظام کام کے متعلق پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف صدور پائے کہ صاحب موصوف کا کام صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر بہادر و دیگر سکریٹری صاحبان بہادر ماتحت انجام دینگے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

فدوی

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر [illegible]

مورخہ ۲۲ مارچ ۱۹۲۲ء

ARMY ORDER

BY

GENERAL HIS HIGHNESS THE NAWAB OF RAMPUR.

23rd March 1942.

In continuation of our Army Order dated the 25th February 1942 it is hereby specified that all Officer of our Regular Forces and those of the personal staff, who appear before us on official business or remain with us on duty must wear Tunic, collar and tie; the rest can still wear bush-shirts or shirts and slacks, as previously ordered.

Sd. General His Highness,

The Nawab of Rampur.

Original to be kept in Army Head Quarters and

Copies to:—

1. Hon'ble Chief Minister,
2. Hon'ble Hori Lall Varma,
3. Hon'ble Military Secretary,
4. Hon'ble Chief Medical Officer,
5. Private Secretary,
6. Assistant Military Secretary,
7. Ijlas-i-Humayun for file,
8. State Press for publication in the State Gazette.

حکم: واقع ۲۳ مارچ ۱۹۲۲ء

بموجب رپورٹ۔ منشی ممتاز علی خاں تحصیلدار حضور تحصیل کو یکم مئی ۱۹۲۲ء سے تحصیلدار گریڈ کی انتہائی تنخواہ دو سو روپیہ ماہانہ اور بجائے پندرہ روپیہ ماہانہ کے تیس روپیہ ماہانہ سواری الاؤنس دیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈر نمبر ۵۹۶

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض می‌رساند

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ منشی ممتاز علی خاں صاحب تحصیلدار حضور تحصیل نے گذشتہ دو یا تین سال میں بہترین خدمات انجام دی ہیں قطع نظر اسکے کہ بحیثیت صدر تحصیلدار انہیں کافی تعداد میں متفرق خدمات انجام دینا پڑتی ہیں۔ اُن پر کمیٹی نرخ اشیاء رسد و غلہ کی گرانی۔ فروخت اور انتظام کا بھی معقول بار ہے اسکے علاوہ دو تین سال سے علاوہ فرائض متعلقہ افسر نزول کی خدمات بھی انجام دے رہے ہیں۔ اسوقت ان کو ماہوار ۱۷۵ ماہانہ تنخواہ اور ۱۵ ماہانہ پرسنل الاؤنس مل رہا ہے۔ ان کی خدمات کا لحاظ کرتے ہوئے تجویز کیجاتی ہے کہ انہیں تحصیلدار گریڈ کی انتہائی تنخواہ دو سو روپیہ ماہانہ دلائی جائے۔ انہیں سال آئندہ میں پانچ روپیہ ماہانہ گریڈ کی ترقی ملیگی۔ اس صورت میں بیس روپیہ ماہانہ کی واقعی ترقی ہوتی ہے۔ نیز چونکہ انہیں مختلف خدمات کے انجام دینے میں زیادہ آمد و رفت کرنا پڑتی ہے اسلئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بجائے ۱۵ ماہانہ پرسنل الاؤنس کے اون کو تیس روپیہ ماہانہ سواری الاؤنس ذاتی طور پر دلایا جائے جس سے صیغہ فائنانس کو اتفاق ہے۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۱۵ مارچ ۱۹۲۲ء میں منشی ممتاز علی خاں صاحب تحصیلدار حضور تحصیل کو از یکم مئی ۱۹۲۲ء تحصیلدار گریڈ کی انتہائی تنخواہ دو سو روپیہ ماہانہ دلائے جانے اور بجائے ۱۵ ماہانہ پرسنل الاؤنس کے تیس روپیہ ماہانہ سواری الاؤنس ذاتی طور پر منظور کئے جانے سے اتفاق کیا ہے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ بنگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۹ مارچ ۱۹۲۲ء

حکم: واقع ۲۳ مارچ ۱۹۲۲ء

بموجب رپورٹ۔ عبدالجبار خاں صاحب سابق ناظم کی مدت ڈیپوٹیشن میں از ۲۲ تا ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء توسیع منظور ہے۔ سررشتہ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈر نمبر ۶۰۰

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض می‌رساند

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ عبدالجبار خاں صاحب ناظم سابق کی مدت ڈیپوٹیشن میں بحکم اجلاس ہمایوں صادرہ ۲۱ نومبر ۱۹۲۱ء ۲۱ اکتوبر ۱۹۲۱ء تک توسیع منظور ہوئی ہے۔ یوپی گورنمنٹ نے تاریخ واپسی خدمات ۲۹ اکتوبر ۱۹۲۱ء قبل دوپہر تحریر کی ہے۔ لہذا جوائننگ ٹائم

کا زمانہ از ۲۲ اکتوبر ۱۹۲۰ء تا ۲۵ اکتوبر ۱۹۲۱ء قابل توسیع بعہدت ڈپوٹیشن ہے۔ اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۵ مارچ ۱۹۲۲ء میں زمانہ جوائننگ ٹائم مذکورہ کی توسیع سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد۔

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔ معروضہ ۱۹ مارچ ۱۹۲۲ء

حکم

واقع ۲۳ مارچ ۱۹۲۲ء

بموجب رپورٹ منشی مشہود حسن بجٹ اکاؤنٹنٹ کو یکم مئی ۱۹۲۲ء سے بیس روپیہ ماہوار اسپیشل تنخواہ دیجانا منظور ہے بسررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈر نمبر ۱۰

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض | بہرسانند

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ منشی مشہود حسن بجٹ اکاؤنٹنٹ کل بجٹ سیکشن کے نگران ہیں اور ترتیب بجٹ کا کل بار ان پر ہے۔ انھیں گریڈ کی آخری تنخواہ اسی روپیہ ماہانہ مئی ۱۹۲۲ء سے مل رہی ہے۔ لہذا خدمات پر نظر کرتے ہوئے مناسب معلوم ہوتا کہ یکم مئی ۱۹۲۲ء سے انھیں بیس روپیہ ماہانہ اسپیشل تنخواہ دلائی جائے۔ یہ اسپیشل تنخواہ انھیں اسوقت تک ملیگی جبتک وہ بجٹ سیکشن کی خدمات انجام دینگے۔ اگر آئندہ بجٹ سیکشن کی خدمات اُن سے متعلق نہ رہیں۔ یا کسی دوسری جگہ تبادلہ ہوا تو انکی اسپیشل تنخواہ مسدود ہو جائے گی۔ اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۵ مارچ ۱۹۲۲ء میں تجویز معروضہ بالا سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ ۱۹ مارچ ۱۹۲۲ء

حکم

واقع ۲۳ مارچ ۱۹۲۲ء

بموجب رپورٹ تجویز اجرائے بی اکاؤنٹ بر ۳ ماہی ۱۹۲۲ء منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈر نمبر ۱۰

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض | بہرسانند

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ سالہائے گذشتہ میں صیغہ جات سے حسابات کی بھرائی کا طریقہ اچھا نہ تھا۔ تین تین سال کے بجٹ برابر ایک سال میں جاری رہتے تھے جس کی وجہ سے حسابات میں بیحد پیچیدگیاں پڑتی تھیں اور تاریخ حسابی وقت پر بند نہ ہوتی تھی اس دشواری کو رفع کرنے کی غرض سے بی اکاؤنٹ کا اجرا ہوا تھا جو چار سال سے برابر منظور ہو رہا ہے۔ تجربہ سے ثابت ہوا کہ سالہائے گذشتہ کے مقابلہ میں بہت کچھ اصلاح ہوگئی ہے برائے سال ۱۹۲۱ء صرف ایک ماہ کیلئے بی اکاؤنٹ کا اجرا ہمایوں سے منظور فرمایا گیا تھا۔ کہ آئندہ اس امر کی کوشش کیجائے کہ تاریخ حسابی وقت پر بند ہو سال ۱۹۲۲ء کے لئے اگر اجرائے بی اکاؤنٹ کی ضرورت محسوس ہو تو سال ہذا کو

میں رپورٹ کیجائے۔ اس سال میں اجرائے بل اکاؤنٹ کی
جنگ کی وجہ سے ضرورت ہے کیونکہ سامان بوجہ جنگ دقت
اور تاخیر سے مل رہا ہے۔ اگر بل اکاؤنٹ منظور نہ ہوگا۔
تو بہت سے حسابات مجرائی سے رہ جائینگے۔ لہذا تجویز ہے
کہ برائے سال اگست ۱۹۲۱ء لغایت ماہ مئی ۱۹۲۲ء کیلئے بل اکاؤنٹ
کی منظوری قابل صدور ہے۔

اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۵ مارچ ۱۹۲۲ء
میں تجویز اجرائے بل اکاؤنٹ برائے ماہ مئی ۱۹۲۲ء
سے اتفاق کرلیا ہے۔ لہذا فدوی مستدعی ہے کہ
پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ
حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

تحریر دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۶ مارچ ۱۹۲۲ء

آرڈران کونسل ۔ رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۶۱۵ :- واقع ۱۹ مارچ ۱۹۲۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۵ مارچ ۱۹۲۲ء میں عالیجناب صاحب کمشنر و ار بہادر سول ڈیفنس کی تجویز متعلق کارروائی منظوری قواعد شعبہ جات تدارک حملہ فضائی ریاست رامپور ۱۹۲۲ء " از گورنمنٹ رامپور وضع شدہ تحت دفعہ (۱۰) آرڈیننس جمعیت ہائے احتیاطی حملہ ہوائی ریاست رامپور ۱۹۲۱ء پیش ہوکر طے پایا کہ :-

تحت دفعہ (۱۰) آرڈیننس مذکور " قواعد شعبہ جات تدارک حملہ فضائی ریاست رامپور ۱۹۲۲ء " کا نفاذ منظور کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۔ ایک نقل حکم ہذا کی مع نقل قواعد منسلکہ سرکاری گزٹ میں شائع کیجائے ۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

نوٹ :- قواعد موصوفہ بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شامل ہیں ۔